احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 26 مارچ 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 26 مارچ 2008ء 17 ربیع الاول 1429 ہجری 26 امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 69

ترقی کرتا جا

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عاشق قرآن سے کہا جائے گا کہ قرآن پڑھ اور درجات میں ترقی کرتا جا۔ اور اسی طرح خوش الحانی سے پڑھ جس طرح دنیا میں پڑھتا تھا۔ تیرا مقام اس آخری آیت تک ترقی پذیر ہے جو تو تلاوت کرے گا۔

(جامع ترمذی کتاب فضائل القرآن باب من قرء حرفاً حدیث نمبر:2838)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

کلام الٰہی کے نازل ہونے کا اصل موجب ضرورت حقہ ہے۔ جیسا کہ تم دیکھتے ہو۔ کہ جب تمام رات کا اندھیر ہو جاتا ہے اور کچھ نور باقی نہیں رہتا۔ تو اسی وقت تم سمجھ جاتے ہو۔ کہ اب ماہِ نو کی آمد نزدیک ہے اسی طرح جب گمراہی کی ظلمت سخت طور پر دنیا پر غالب آ جاتی ہے۔ تو عقل سلیم اس روحانی چاند کے نکلنے کو بہت نزدیک سمجھتی ہے ایسا ہی جب امساک باراں سے لوگوں کا حال تباہ ہو جاتا ہے۔ تو اس وقت عقلمند لوگ باران رحمت کا نزول ہونا بہت قریب خیال کرتے ہیں اور جیسا کہ خدا نے اپنے جسمانی قانون میں بھی بعض مہینے برسات کے لئے مقرر کر رکھے ہیں۔ یعنے وہ مہینے جن میں فی الحقیقت مخلوق اللہ کو بارش کی ضرورت ہوتی ہے اور ان مہینوں میں جو مینہہ برستا ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جاتا کہ خاص ان مہینوں میں لوگ زیادہ نیکی کرتے ہیں اور دوسرے مہینوں میں فسق وفجور میں مبتلا رہتے ہیں۔ بلکہ یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ وہ مہینے ہیں جن میں زمینداروں کو بارش کی ضرورت ہے اور جن میں بارش کا ہو جانا تمام سال کی سرسبزی کا موجب ہے ایسا ہی کلام الٰہی کا نزول فرمانا کسی شخص کی طہارت اور تقوٰی کے جہت سے نہیں ہے یعنے علت موجبہ اس کلام کے نزول کی یہ نہیں ہو سکتی کہ کوئی شخص غایت درجہ کا مقدس اور پاک باطن تھا۔ یا راستی کا بھوکا اور پیاسا تھا۔ بلکہ جیسا کہ ہم کئی دفعہ لکھ چکے ہیں۔ کتب آسمانی کے نزول کا اصلی موجب ضرورت حقہ ہے یعنے وہ ظلمت اور تاریکی کہ جو دنیا پر طاری ہو کر ایک آسمانی نور کو چاہتی ہے کہ تا وہ نور نازل ہو کر اس تاریکی کو دور کرے اور اسی کی طرف ایک لطیف اشارہ ہے کہ جو خدائے تعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں فرمایا ہے۔.......... (القدر:2) یہ لیلۃ القدر اگرچہ اپنے مشہور معنوں کے رو سے ایک بزرگ رات ہے لیکن قرآنی اشارات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کی ظلمانی حالت بھی اپنی پوشیدہ خوبیوں میں لیلۃ القدر کا ہی حکم رکھتی ہے اور اس ظلمانی حالت کے دنوں میں صدق اور صبر اور زہد اور عبادت خدا کے نزدیک بڑا قدر رکھتا ہے اور وہی ظلمانی حالت تھی کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت تک اپنے کمال کو پہنچ کر ایک عظیم الشان نور کے نزول کو چاہتی تھی اور اسی ظلمانی حالت کو دیکھ کر اور ظلمت زدہ بندوں پر رحم کر کے صفت رحمانیت نے جوش مارا اور آسمانی برکتیں زمین کی طرف متوجہ ہوئیں۔ سو وہ ظلمانی حالت دنیا کے لئے مبارک ہو گئی اور دنیا نے اس سے ایک عظیم الشان رحمت کا حصہ پایا۔ ایک کامل انسان اور سید الرسل کہ جس سا کوئی پیدا نہ ہوا اور نہ ہوگا۔ دنیا کی ہدایت کے لئے آیا۔ اور دنیا کے لئے اس روشن کتاب کو لایا۔ جس کی نظیر کسی آنکھ نے نہیں دیکھی۔ پس یہ خدا کی کمال روحانیت کی ایک بزرگ تجلی تھی کہ جو اس نے ظلمت اور تاریکی کے وقت ایسا عظیم الشان نور نازل کیا۔ جس کا نام فرقاؔن ہے۔ جو حق اور باطل میں فرق کرتا ہے۔ جس نے حق کو موجود اور باطل کو نابود کر کے دکھلا دیا۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 ص 417)

ولادت باسعادت

مکرم صاحبزادہ مرزا عثمان احمد صاحب ولد مکرم صاحبزادہ مرزا لقمان احمد صاحب اور محترمہ سائرہ عفت صاحبہ بنت محترم سید قمر سلیمان احمد صاحب وکیل وقف نو کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے 16 مارچ 2008ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ جس کا نام مرزا سلمان فارس احمد رکھا گیا ہے۔ بچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا پہلا پڑپوتا اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا پہلا پڑنواسہ ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں نومولود کو صحت وسلامتی والی لمبی زندگی عطا ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

ٹرینڈ نرسز کی ضرورت

محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور اسی کی دی ہوئی توفیق سے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے اکثر شعبہ جات نے کام کرنا شروع کر دیا ہے۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں اس وقت نرسز کی آسامیاں خالی ہیں۔ پاکستان نرسنگ کونسل سے رجسٹرڈ نرسز اپنے آپ کو خدمت کیلئے پیش کر سکتی ہیں۔ برائے رابطہ ومعلومات:۔

HR ڈیپارٹمنٹ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ

فون: 047-6216010-12
Ext.#310

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

ضرورت سائنس ٹیچرز

مجلس نصرت جہاں کو اپنے سکولوں کیلئے ایسے مخلص اور خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے اساتذہ کی ضرورت ہے جو فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضی میں کم از کم ایم ایس سی ڈگری رکھتے ہوں خواہشمند درج ذیل ایڈریس پر رابطہ فرمالیں۔

بیت الاظہار، احاطہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ

فون نمبر: 047-6212967

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

سوموار 31 مارچ 2008ء

1-30 am خبریں
2-05 am گلشن وقف نو
3-10 am روداد نیشنل اسمبلی 1974ء
4-10 am سیرت النبیؐ
5-10 am تلاوت، درس، خبریں
6-10 am لقاء مع العرب
7-20 am خطبہ جمعہ
8-20 am لجنہ سپوزیم
8-50 am سوال و جواب
10-05 am سیرت النبیؐ
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-10 pm فرانسیسی پروگرام
1-30 pm تقریر
2-05 om فرانسیسی پروگرام
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-10 pm طب و صحت
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
5-55 pm بنگلہ سروس
7-00 pm فرانسیسی سروس
7-20 pm خطبہ جمعہ
8-20 pm گلشن وقف نو
9-20 pm فرانسیسی سروس
10-15 pm لقاء مع العرب
11-30 pm عربی سروس

منگل یکم اپریل 2008ء

12-30 am تقریر
1-10 am طب و صحت
1-30 am خبریں
2-35 am گلشن وقف نو
3-35 am خطبہ جمعہ
5-00 am تلاوت، درس، خبریں
6-10 am فرانسیسی سروس
6-35 am لقاء مع العرب
7-50 am خطبہ جمعہ
8-35 am فرانسیسی سروس
8-55 am طب و صحت
9-30 am فرانسیسی سروس
10-25 am تقریر
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-10 pm سوال و جواب
2-00 pm گفتگو
3-05 pm انڈونیشین سروس
4-05 pm سندھی سروس
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
6-10 pm بنگلہ سروس
7-15 pm جلسہ بیلجیئم 2004ء
8-00 pm گلشن وقف نو
9-05 pm سوال و جواب
10-00 pm ایم ٹی اے ٹریول
10-30 pm لقاء مع العرب
11-30 pm عربی سروس

بدھ 2/ اپریل 2008ء

12-55 am گفتگو
1-50 am خبریں
2-40 am گلشن وقف نو
3-40 am جلسہ بیلجیئم 2004ء
4-25 am ایم ٹی اے ٹریول
5-00 am تلاوت، درس، خبریں
6-30 am لقاء مع العرب
7-30 am عربی سیکھئے
7-50 am گفتگو
9-05 am سوال و جواب
10-10 am جلسہ بیلجیئم
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-20 pm سیرت حضرت مسیح موعود
1-45 pm سوال و جواب
2-55 pm انڈونیشین سروس
3-55 pm سواحیلی سروس
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
5-40 pm بنگلہ سروس
6-45 pm خطبہ جمعہ 14 مارچ 1986ء
7-25 pm جلسہ یو کے
7-55 pm گلشن وقف نو
8-55 pm لجنہ میگزین
9-40 pm آسٹریلین ڈاکومنٹری
10-10 pm سیرت حضرت مسیح موعود
10-35 pm لقاء مع العرب
11-35 pm عربی سروس

جمعرات 3/اپریل 2008ء

12-30 am سوال و جواب
1-35 am خبریں
2-10 am گلشن وقف نو
3-25 am جلسہ یو کے
3-55 am خطبہ جمعہ 14 مارچ 1986ء
5-00 am تلاوت، درس، خبریں
5-55 am ہماری کائنات
6-40 am لقاء مع العرب
7-45 am آسٹریلین ڈاکومنٹری
8-35 am سیرت حضرت مسیح موعود
8-55 am خطبہ جمعہ 14 مارچ 1986ء
9-50 am لجنہ میگزین
10-30 am جلسہ یو کے
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-10 pm ملاقات
2-20 pm پشتو سروس
2-50 pm انڈونیشین سروس
3-55 pm خطبہ جمعہ 14 مارچ 1986ء
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-05 pm ترجمۃ القرآن
8-05 pm ملاقات
9-25 pm خطبہ جمعہ 14 مارچ 1986ء
10-30 pm لقاء مع العرب
11-30 pm عربی سروس

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

مکرم شاہد محمود صاحب آڈیٹر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم طلحہ شاہد صاحب مینیجر بینک الحبیب شادمان برانچ لاہور کے نکاح کا اعلان مورخہ 16 دسمبر 2007ء کو بعد نماز عصر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے بیت المبارک ربوہ میں مکرمہ ھبۃ السلام صاحبہ بنت مکرم خلیفہ صباح الدین احمد صاحب مرحوم کے ساتھ مبلغ پانچ لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ دلہن حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب کی نسل سے اور مکرم خلیفہ صلاح الدین احمد صاحب مرحوم کی پوتی ہے مکرم خلیفہ صباح الدین احمد صاحب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ماموں زاد بھائی تھے جبکہ مکرم طلحہ شاہد مکرم چوہدری نور الدین جہانگیر آف ساہیوال کے پوتے اور مکرم ملک صدیق احمد صاحب مرحوم آف دیپال پور کے نواسے ہیں احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ یہ رشتہ ہر دو خاندان اور سلسلہ کیلئے خیر و برکت کا موجب بنائے اور باعث مسرت و انبساط ہو۔ آمین

نکاح و تقریب شادی

مکرم نجیب احمد فہیم صاحب قائد ضلع منڈی بہاؤالدین تحریر کرتے ہیں۔

مکرم ثاقب رشید ونیس صاحب محاسب مجلس خدام الاحمدیہ ضلع منڈی بہاؤالدین ابن مکرم چوہدری عبدالرشید ونیس صاحب آف شاہ تاج شوگر ملز منڈی بہاؤالدین کے نکاح کا اعلان مکرمہ ماریہ ظفر صاحبہ بنت مکرم ظفر احمد خان صاحب آف انگلینڈ کے ساتھ بعوض سات ہزار پونڈ حق مہر پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے مورخہ 28 جنوری 2008ء کو بیت المبارک میں کیا۔ مورخہ 3 فروری 2008ء کو بارات مکرم چوہدری محمود احمد خالد صاحب امیر ضلع منڈی بہاؤالدین کی سربراہی میں منڈی بہاؤالدین سے ربوہ پہنچی۔ رخصتی کے موقع پر محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے دعا کروائی۔ دلہن مکرم ڈاکٹر اعجاز الحق خان صاحب سابق امیر جماعت باغ آزاد کشمیر کی پوتی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ مولا کریم اس رشتہ کو ہر لحاظ سے کامیاب و کامران فرمائے اور ان کی نسلوں کو جماعت احمدیہ کیلئے باعث فخر بنائے۔ آمین

افسوسناک حادثہ

مکرم شیخ لیاقت حسین صاحب صدر حلقہ سول لائنز لاہور تحریر کرتے ہیں۔

حلقہ سول لائنز لاہور کا طفل یاسر احمد ولد سلیم احمد عمر 14 سال مورخہ 16 مارچ 2008ء کو گھر کے قریب زیر تعمیر سڑک پر کھیلتے ہوئے روڈ رولر کے نیچے آ کر جاں بحق ہوگیا۔ مرحوم نہایت صابر، شاکر و خدمت گزار طفل تھا مرحوم کے ورثاء نے بے مثال صبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس افسوسناک حادثہ کو الٰہی رضا جانتے ہوئے حادثہ کے ذمہ داروں کو معاف کر دیا ہے۔ بیت الحمد جودھامل کے بیرونی احاطہ میں مورخہ 17 مارچ 2008ء کو صبح دس بجے مکرم طاہر احمد مبشر صاحب مربی سلسلہ دہلی گیٹ لاہور میں نے نماز جنازہ پڑھائی اور نصرت مقبرہ ہانڈو گجر میں تدفین ہوئی احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت چوہدری برکت علی خان صاحب گڑھ شنکری

رفیق حضرت مسیح موعود۔ خدمت اور محنت کا مثالی کردار

مکرم رانا سعید احمد خان صاحب

قسط دوم آخر

خلفاء کرام اور بزرگان سلسلہ کی زبان سے آپ کا ذکر خیر

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی مشاورت منعقدہ 1935ء میں فرماتے ہیں:

''یہ زمانہ ہمارے لئے نہایت نازک ہے۔ مجھ پر بیسیوں راتیں ایسی آئی ہیں کہ لیٹے لیٹے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جنون ہونے لگا ہے اور مَیں اٹھ کر ٹہلنے لگ جاتا ہوں۔ غرض یہی نہیں کہ واقعات نہایت خطرناک آ رہے ہیں بلکہ بعض باتیں ایسی ہیں جو ہم بیان نہیں کر سکتے۔ مجھے حضرت عمرؓ کا قول یاد آتا ہے۔ کسی نے ان سے کہا خالد کو آپ نے کیوں معزول کر دیا۔ آپ نے فرمایا تم اس کی وجہ پوچھتے ہو اگر میرے دامن کو بھی پتہ لگ جائے کہ مَیں نے اسے کیوں ہٹایا ہے تو مَیں دامن پھاڑ دوں۔ تو سلسلہ کے خلاف ایسے سامان ہو رہے ہیں کہ میری ذات کے سوا کسی کو بھی معلوم نہیں اور جو کچھ مَیں بتاتا ہوں وہ بھی بہت بڑا ہے اس سے بھی نیند حرام ہو جاتی ہے اور مَیں اپنے ساتھ کام کرنے والوں کی نیند حرام کر دیا کرتا ہوں .... پرسوں میں یہاں سے کام کر کے گیا تو رات کے ساڑھے بارہ ایک بجے تک ڈاک پڑھی اور پھر صبح سویرے کام شروع کر دیا۔ تو ہمارے ذمہ اتنے کام ہیں کہ انہیں چھوڑ ہی نہیں سکتے۔ کل رات کو جب مَیں یہاں سے گیا ہوں تو جسم مضمحل تھا اور صبح بخار بھی تھا معلوم نہیں اب ہے یا نہیں۔ گو جسم کوفت محسوس کرتا ہے مگر وقت نہیں کہ اس کا خیال رکھیں۔ شریعت کہتی ہے کہ اپنے جسم کا بھی خیال رکھو مگر پھر بھی مصروفیت ایسی ہے کہ جسمانی تکلیف کی پرواہ نہیں کی جا سکتی اور میرے ساتھ کام کرنے والوں کی بھی یہی حالت ہوتی ہے۔ چوہدری برکت علی صاحب کو مہینوں رات کے بارہ بجے تک تحریک جدید کا کام کرنا پڑا۔ اسی تحریک جدید کے دفتر کے کام کرنے کا وقت بارہ گھنٹے مقرر ہے اس سے زیادہ ہو جائے کم نہیں کیونکہ یہ اقل مقدار ہے''۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1935ء صفحہ 90-91)

❁...... حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے الفضل مورخہ 12/ اپریل 1960ء میں آپ کے متعلق لکھا:۔

''چوہدری برکت علی خان صاحب حضرت مسیح موعود کے رفیق تھے۔ اولاً انہوں نے قادیان آ کر کچھ عرصہ اخبار الحکم میں کام کیا پھر صدر انجمن احمدیہ کے عملہ میں شامل ہو کر ہمیشہ کے لئے ''نوکر شاہی'' بن گئے اور اس خدائی نوکری کو انہوں نے زائد از پچاس سال اس اخلاص و جاں نثاری اور وفاداری اور محنت سے نبھایا جو ہر احمدی کے لئے قابل رشک ہے۔ مَیں نے ایسے بے ریا اور جانفشانی سے کام کرنے والے بہت کم لوگ دیکھے ہیں ...... میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ چوہدری برکت علی خان صاحب مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کی اولاد کو اپنے فضل و رحمت کے سایہ میں رکھے اور جماعت کو ان کا بدل عنایت کرے۔ چوہدری صاحب کو جنازہ بھی ایسا نصیب ہوا جو بہت کم لوگوں کو میسر آتا ہے کیونکہ ایک تو جمعہ تھا اور دوسرے مشاورت کی وجہ سے بیرونی مہمان بھی کثرت سے آئے ہوئے تھے''۔

❁...... حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب نے الفضل 10/ اپریل 1960ء میں لکھا:۔

''مَیں نے ہمیشہ ہی آنمرحوم کو انہماک کے ساتھ دین کا کام کرتے پایا...... مَیں نے چوہدری صاحب کو کبھی لغویات میں حصہ لیتے نہ دیکھا۔ وہ سلسلہ کے کام کو ہی اپنا بہشت سمجھتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جب ان کو تحریک جدید میں لگایا گیا تو ایک بہادر سپاہی کی طرح موت فوت کے خوف سے بے نیاز ہو کر اپنے جوہر دکھلاتے رہے اور بتلا دیا کہ سلسلہ کے سچے وفادار خادم اس طرح کے ہوا کرتے ہیں۔ تبھی تو جوہر شناس جوہری نے اُن کو تحریک جدید کی دولت بنا کر تحریک میں رکھ دیا۔ کہتے ہیں دولت دولت کو کھینچتی ہے سو چوہدری صاحب نے تحریک کے لئے دولت کو خوب کھینچا۔

یہ دولت اب ہم سے واپس لے لی گئی ہے لیکن اس حال میں کہ کئی دولت گر اپنے پیچھے چھوڑ گئی ہے۔ اللہ ان سے راضی ہو اور اپنی کنار عاطفت میں ان کو لے لے اور اللہ تعالیٰ ہمارے گناہوں کی بھی پردہ پوشی فرمائے اور ہم پیچھے رہنے والوں کو ان کے نیک نمونوں پر عمل کرتے ہوئے انہیں زندہ رکھنے کی توفیق دے اور ہم محض قراردادیں پاس کرنے والے نہ رہ جائیں''۔

❁...... محترم قریشی عبدالرشید صاحب آڈیٹر تحریک جدید فرماتے ہیں: ''چوہدری صاحب صدر انجمن احمدیہ کے مختلف عہدوں پر کام کرتے ہوئے آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ کے عہدہ پر پہنچے۔ 1934ء میں تحریک جدید شروع ہونے پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی نظر انتخاب آپ پر پڑی اور حضور نے آپ کو تحریک جدید کے مالی شعبہ کا انچارج بنایا جہاں آپ نے دن رات کی محنت شاقہ اور انتھک جدوجہد سے ایسے رنگ میں اپنے آپ کو اس انتخاب کا اہل ثابت کیا کہ بالآخر 1957ء میں تحریک جدید کی 23 سالہ شاندار خدمات کے بعد آپ کو ایک کامیاب و کامران وکیل المال کی حیثیت سے ریٹائر ہونے کا فخر حاصل ہوا۔ سیدنا حضرت اقدس نے بارہا آپ کے کام کی تعریف فرمائی اور متعدد خطبات اور مجلس مشاورت کے مواقع پر خوشنودی کا اظہار فرمایا۔

حضرت چوہدری صاحب مرحوم و مغفور سے میرا تعارف قادیان میں 1946ء میں ہوا بلکہ مجھے آپ کے ساتھ ایک لمبا عرصہ کام کرنے کی سعادت ملی۔ اس اثناء میں مجھے آپ کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔

حضرت چوہدری صاحب مرحوم بلاشبہ ایک بے لوث اور مسلسل سترہ سترہ اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے کام کرنے والے بزرگ تھے۔ آپ کے کام کا طریق دو اصولوں پر مبنی تھا۔ اول یہ کہ تحریک جدید کے ہر وعدہ کرنے والے دوست سے ایک ذاتی تعلق پیدا کرنے کی کوشش فرماتے اور خط کو ایک ایسا ذاتی رنگ دیتے کہ قاری گہرا اثر لئے بغیر نہ رہ سکتا۔ دوم روز کا کام روز ختم کرنا ضروری سمجھتے تھے اور روزانہ ڈاک کا جواب شام کو لکھ کر فارغ ہوتے تھے۔ اس وجہ سے دفتری اوقات آپ کے لئے ناکافی تھے۔ وعدہ جات کی تحریک کے دنوں میں مَیں نے آپ کو دفتر سے رات کے نو دس بجے سے قبل گھر جاتے ہوئے شاذ ہی دیکھا تھا۔ سب سے آخر میں وعدوں کی مکمل رپورٹ اور دن بھر کے کام کا خلاصہ نو دس بجے رات کے قریب حضور کی خدمت میں بھجواتے اور کچھ دیر تک انتظار فرماتے کہ حضور کی طرف سے رپورٹ کے ملاحظہ کے بعد کوئی استفسار نہ آ جائے۔ اس کے بعد گھر تشریف لے جاتے۔ باوجود تعلیم کی کمی کے آپ کو اخبار کے لئے نوٹ لکھنے کا ایک خاص ملکہ حاصل ہو گیا تھا اور آپ کا اسلوب تحریر منفرد رنگ اختیار کر گیا تھا جو بعد میں کسی سے نقل نہ ہو سکا۔ آپ کے نوٹ پڑھنے والے جانتے ہیں کہ باوجود اپنی سادگی کے وہ کس قدر گہرے اثر کے حامل ہوتے تھے اور چندہ تھا کہ اس کے نتیجہ میں امڈا چلا آتا تھا۔ چندہ جمع کرنے میں آپ کو ایک خاص مہارت تھی۔ دو چار لاکھ روپے کسی تحریک کے لئے جمع کرنا آپ بہت معمولی بات سمجھتے تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد بقایا جات کی وصولی کا کام آپ کے سپرد کیا گیا۔ جن دوستوں کو چندہ جمع کرنے کا تجربہ ہے وہ جانتے ہیں کہ بقایا جات بالخصوص طوعی چندوں کے بقائے وصول کرنا خاصا مشکل کام ہے لیکن اس میں بھی مکرم چوہدری صاحب کو نمایاں کامیابی ہوئی اور آپ نے اس مد میں ایک کثیر رقم جمع کر کے تحریک جدید کو دی۔

ریٹائرمنٹ کے بعد مرحوم کی تمام تر توجہ پانچ ہزاری فوج کے 19 سالہ حساب کی تدوین و ترتیب اور بصورت کتاب طباعت کی طرف رہی۔ چنانچہ آپ کی مرتبہ یہ کتاب مخلصین کے ہاتھوں پہنچ کر خراج تحسین حاصل کر چکی ہے۔ 1947ء کے قیامت خیز ہنگامہ میں ہجرت کے وقت خدا کے اس مخلص بندہ کو اگر فکر تھا تو صرف اس بات کا کہ مخلصین جماعت کے چندوں کا ریکارڈ کسی طرح پاکستان محفوظ پہنچ جائے۔ چنانچہ اس غرض کے لئے متعدد بار فرمایا کہ اگر پیدل قافلہ جانے کی صورت ہو تو ایک ایک کھاتہ ایک ایک کارکن کے سپرد کر دیا جائے۔ تقسیم ملک کے بعد جودھامل بلڈنگ کے اس کمرہ میں جو دفتر کے لئے الاٹ ہوا فروکش ہوئے۔ ان کے ساتھ رہنے والوں کا بیان ہے کہ رات جب بھی ان کی آنکھ کھلتی تو وہ اکثر مرحوم کو چندہ جات کا کھاتہ لئے ہوئے کام کرتے ہوئے پاتے۔ غرضیکہ محترم چوہدری صاحب کی زندگی کام، کام، کام پر مشتمل تھی اور اسی دھن میں آپ نے اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کو غریق رحمت کرے اور ایسے مخلص اور بے لوث کارکنان کی وفات سے جو خلا پیدا ہوتا جا رہا ہے وہ اپنے فضل سے پورا فرمائے۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 12/ اپریل 1960ء)

❁...... حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے خطاب میں جو جلسہ سالانہ قادیان کے لئے آپ نے 26/ دسمبر 1993ء کو ماریشس میں فرمایا اور ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطوں کے ذریعہ نشر ہوا حضرت دادا جان کو بہت ہی پیارے الفاظ میں خراج تحسین پیش فرمایا۔

حضور نے فرمایا: ''...... پس اس نیت سے کہ ان بزرگوں کے ذکر کی کچھ تھوڑی سی یاد تازہ ہو اور قادیان کی گلیوں میں یہ ذکر گھومیں۔ مَیں چند حضرت مسیح موعود کے ان خوش نصیب رفقاء کا ذکر کرتا ہوں۔ یہ وہ ذکر ہے جو مختصر ہو گا لیکن بہت سے لوگ جو تاریخ احمدیت سے واقف ہیں وہ محض نام سے ہی بہت کچھ جان جائیں گے۔ محض ایک نام ہی سے ان کے ذہنوں میں کئی تصویریں جاگ اٹھیں گی اور وہ تصویریں جاگ اٹھیں گی اور وہ اپنے تصور میں دیکھیں گے کہ یہ کون لوگ تھے کہ کیسے کیسے یہ قادیان کی گلیوں میں گھوما کرتے تھے......۔

حضور نے مختلف رفقاء کے ذکر میں حضرت چوہدری برکت علی صاحب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

''خلفاء کے دور میں قادیان میں بسنے والے بزرگ جس طرح اپنے فرائض کو ادا کیا کرتے تھے ان سے مَیں نمونے آپ کے سامنے رکھتا ہوں تا کہ آپ یعنی اہل قادیان، قادیان کے درویش اپنے نفسوں پر غور کریں کہ کیا آج بھی آپ میں ایسے پاک نمونے دکھانے والے لوگ موجود ہیں۔ حضرت چوہدری برکت علی صاحب تحریر فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ کا خاکسار پر کتنا بڑا احسان ہوا کہ مجھے ایک ساتھ چار کام کرنے کا موقع عطا فرمایا''۔

حضور فرماتے ہیں ''مجھے بعض لوگوں کا تجربہ ہے کہ انہیں ایک کے بعد دوسرا کام دیا جائے تو گھبراتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ نے کام تو دے دیا ساتھ چار کلرک بھی تو دیں۔ ساتھ اور ذرائع بھی تو مہیا کریں یہ بھی تو دیکھیں کہ کس دفتر میں ہم بیٹھے ہیں۔ لیکن حضرت چوہدری برکت علی صاحب جن کو مَیں نے خود

دیوانہ وار کام کرتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور وہ یہ لکھتے ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ کا خاکسار پر کتنا بڑا احسان ہوا کہ مجھے ایک ساتھ چار کام کرنے کا موقع عطا فرمایا۔ کشمیر فنڈ اور دارالانوار کے کام کے لئے تو دو مددگار مل گئے تھے لیکن آڈیٹر اور تحریک جدید کا کام خاکسار اکیلا ہی کر رہا تھا''۔

حضور مزید فرماتے ہیں: ''آج ساری دنیا میں لکھوکھہا نفوس کو اللہ تعالیٰ ایک ایک سال میں احمدی ہونے کی توفیق عطا فرما رہا ہے۔ ایک زمانہ ایسا تھا کہ یعنی وہ زمانہ نہیں جو مسیح موعود کا زمانہ ہو۔ وہ زمانہ جسے ہم نے بھی اپنے بچپن میں اپنی آنکھوں سے دیکھا ایک کلرک چوہدری برکت علی صاحب دفتر میں بیٹھے ہوئے رات کو بتیاں جلا کر کام کیا کرتے تھے اور بسا اوقات ہم رات کو جب گزرتے تھے تو حیران ہو کر دیکھا کرتے تھے۔ سب دفاتر کے وقت ختم ہو گئے ان کے دفتر کا وقت ختم نہیں ہوا''۔

حضور نے فرمایا: ''کہتے ہیں کہ آڈیٹر کا کام جو بڑا بھاری کام ہے اور تحریک جدید کا تمام تر کام کہتے ہیں مَیں اکیلا ہی کیا کرتا تھا۔ حضور کی خدمت میں روزانہ رپورٹ پیش کرنے کے لئے حسابات بنانے اور خطوط کی منظوری کی روزانہ اطلاع دینے اور تحریک جدید کی رپورٹ پیش کرنے کے بعد مزید تکمیل کے لئے دفتری پابندی کا سوال ہی نہ رہا اور نہ ہی مَیں نے 1904ء سے 1908ء اور پھر 1909ء سے اب تک دم تحریر اس کا خیال کیا کہ دفتر کا وقت ختم ہو گیا۔ چلو گھر چلیں بلکہ یہ بات گٹھی میں پڑی ہوئی تھی کہ جب تک روزانہ کا کام ختم نہ ہو دفتر بند نہ ہو۔ اگر ضرورت پڑے تو گھر لے جا کر روزانہ کام ختم کرو۔ پس مَیں نے دفتر کے وقت کا خیال نہیں رکھا بلکہ روزانہ کام ختم کرنا اپنی اصول بنا لیا۔......''۔

حضور نے فرمایا کہ ''حضرت مصلح موعود نے بھی چوہدری برکت علی صاحب کے متعلق فرمایا کہ چوہدری برکت علی صاحب ان چند اشخاص میں سے ہیں جو محنت، کوشش اور اخلاص سے کام کرنے والے ہیں اور جن کے سپرد کوئی کام کر کے پھر انہیں یاددہانی کی ضرورت نہیں رہتی''۔

(اقتباس از خطاب جلسہ سالانہ ماریشس 26 دسمبر 1993ء)

ہمارے دادا جان نے بیٹوں کو نصیحت فرمائی تھی کہ ربوہ میں رہ کر سلسلہ کی خدمت کرنے سے ہی برکت ہے۔ تب آپ کے تینوں بیٹوں نے اپنے آپ کو سلسلہ کے لئے وقف کر دیا اور خدا کے فضل کے ساتھ اپنے وقف سے خوب وفا کی اور خوب نبھایا اور اللہ تعالیٰ نے بے شمار فضل فرمائے۔

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ کرے کہ یہ نسل در نسل چلتا رہے اور ہم اور ہماری نسلیں اپنے بزرگ آباء کے نقش قدم پر چلتے ہوئے دلی محبت اور اخلاص اور وفا کے ساتھ خلفائے مسیح موعود کی دعاؤں سے حصہ پاتے ہوئے احسن رنگ میں اور مقبول خدمت دین کی توفیق پاتے چلے جائیں۔

ہومیو ڈاکٹر نذیر احمد مظہر صاحب

پیٹ کے کیڑے اور علاج

نام دوا۔ آر نمبر:56

Dr.Reckeweg R:56

فوائد

یہ دوا براہ راست کیڑوں پر زہریلا اثر کر کے انہیں تیزی سے ہلاک کرنے کی بجائے جسمانی نظام میں ایسے تغیرات پیدا کرتی ہے کہ جسم کو کوئی نقصان پہنچائے بغیر نہ صرف ان کیڑوں سے چھٹکارہ حاصل ہوتا ہے بلکہ ان کے نتیجہ میں جو دیگر عوارض و تکالیف پیدا ہو جاتی ہیں ان کا بھی ازالہ ہو جاتا ہے اور آئندہ کے لئے دیگر متعلقہ تکالیف سے بھی تحفظ حاصل ہو جاتا ہے۔

22۔ ایم ایل کی یہ دوا پاکستان میں قریباً 200 روپے میں ملتی ہے اور بیرون پاکستان مثلاً کینیڈا وغیرہ میں قریباً 12 ڈالر میں ملتی ہے۔ دنیا کے قریباً 35 ممالک میں مل سکتی ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کے خاتمہ کے لئے ہم نے اسے بفضل خدا سینکڑوں مرتبہ مفید و بے ضرر پایا ہے۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال

15-10 قطرے دو تین چمچ پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے دن میں تین بار استعمال کریں اور آئندہ تحفظ کے لئے 4-6 ہفتہ تک متواتر استعمال کریں۔

فارمولا

1۔ ٹناسٹیم	1D Or 1x	Tanacetum Vulg
2۔ مرکیورس	6D Or 6x	Mercurius Subl Corr
3۔ گرے فائٹس	30D Or 30x	Graphites
4۔ فائلکس	3D Or 3x	Filix
5۔ سائنا	4D Or 4x	Cina
6۔ آرٹی میزیا	2D Or 2x	Artemisia Vulg

اضافی فوائد

مفید ہونے کے ساتھ ساتھ یہ دوا قدرے مہنگی ہے لہٰذا ہم ذیل میں ایک طریقہ بیان کرتے ہیں کہ یہی دوا جس کی قیمت 200 روپے یا 10-12 کینیڈین ڈالر ہے صرف 20 پیسے یا کینیڈین 1-2 سینٹ میں پڑ سکتی ہے۔ یہ طریقہ ہم بے شمار تجربات کے بعد قارئین کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

اشیاء

اصل دوا یعنی R No 56: 2 ڈسٹلڈ واٹر دو پونڈ یا حسب ضرورت :3 خالی ڈراپر 20 ایم ایل یا حسب ضرورت :4 ڈس پوزایبل پلاسٹک سرنج 10 ایم ایل یا 20 ایم ایل:

ترکیب تیاری

(الف) R No 56 کی شیشی کو چند زوردار جھٹکے دے کر اس میں سے صرف ایک قطرہ دوا 20 ایم ایل خالی ڈراپر میں ڈالیں اور اوپر سے اسی ڈراپر میں 9 قطرے ڈسٹلڈ واٹر کے ڈال کر 12 زوردار جھٹکے دیں Potentization کے اس عمل سے نسخہ میں موجود تمام ادویہ کی Decimal Scale پر مزید ایک طاقت بڑھ جائے گی اور اس شیشی میں 1 قطرہ +9 قطرے کل 10 قطرے دوا ہو گی۔

(ب) اب اس شیشی میں مزید 90 قطرے ڈسٹلڈ واٹر گن کر یا سرنج کی مدد سے 6 ایم ایل یا 6 سی سی ماپ کر ڈالیں اور 12 زوردار جھٹکے دیں اب اس نسخہ میں موجود تمام دواؤں کی دس کے پیمانے پر مزید ایک طاقت بڑھ جائے گی اور شیشی میں 10 قطرے +90 قطرے کل 100 قطرے دوا ہو گی۔

(ج) اب یہ 100 قطرے پونڈ کی خالی بوتل میں انڈیلیں اور اوپر سے 900 قطرے گن کر 60 ایم ایل (60 سی سی) ڈسٹلڈ واٹر سرنج کی مدد سے ماپ کر ڈالیں اور بارہ زوردار جھٹکے دیں اس عمل سے طاقت مزید بڑھ جائے گی اور بوتل میں 100 قطرے +900 قطرے کل 1000 قطرے یا قریباً 66 ایم ایل دوائی تیار ہو گی گویا ایک قطرہ دوا سے 22 ایم ایل کی 3 شیشیاں تیار ہوں گی۔ ہمارے بے شمار مرتبہ کے تجربات کے مطابق اس دوا کا وہی فائدہ ہوتا ہے جو اصل دوا کا جبکہ یہ انتہائی سستی پڑتی ہے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ ذاتی استعمال سے زائد دوا کو آپ مستحقین میں بانٹ کر بنی نوع انسان کی فری خدمت بجا لا سکتے ہیں۔

ضروری وضاحت

بعض قارئین کے ذہن میں سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ ہم کیوں آر نمبرز کا مشورہ دیتے ہیں اس کی وضاحت یوں ہے (1) اس کمپنی کے مرکبات کی افادیت عموماً پاکستان میں ہی نہیں بیرونی ممالک میں بھی مسلمہ ہے (2) یہ دوا سازی میں ایک اچھا معیار و شہرت رکھتی ہے (3) اکثر اچھے ہومیو سٹوروں پر بآسانی دستیاب ہے (4) بیرونی ممالک میں بھی بآسانی مل سکتی ہے (5) مفرد ادویات کا حصول اور ان کے ذریعے مرکبات کی تیاری ہر کسی کے بس کی بات نہیں (6) مفرد ہومیو ادویات کا حصول بیرونی ممالک میں نہ صرف مشکل ہے بلکہ خاصا مہنگا بھی ہے۔ (7) یہ صحیح ہے کہ یہ مرکبات مہنگے ہیں مگر Potentization کا جو طریقہ ہم نے اوپر درج کیا ہے اس سے یہ مسئلہ بھی حل ہو جاتا ہے۔ بلکہ دوا کی اتنی بڑی مقدار بچ جاتی ہے۔ کہ اس سے بیسیوں مستحق مریضوں کا علاج کیا جا سکتا ہے ورنہ واضح رہے کہ ہمارا اس فرم سے ہرگز کوئی تجارتی تعلق نہیں ہے۔

پیٹ کے کیڑوں کا نباتاتی گھریلو غذائی علاج

درج ذیل نباتاتی علاج مفید بھی اور بے ضرر بھی:

مغز اخروٹ Walnut (20) گرام ہر روز خالی معدہ کچھ عرصہ تک لگاتار کھانا یا مغز بادام شیریں Almond (25) گرام کھانا پیٹ کے کیڑے مارنے کے لئے انتہائی موثر ہے یا لہسن Garlic صرف (3) عدد روزانہ کھانا پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے یا کلونجی Blackcumin کا سفوف بقدر 1/4 تا 1/2 چمچ پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کرنے میں موثر ہے یا افسنتین Worm Wood کا سفوف بقدر 1/2 تا ایک چمچ کا استعمال کیڑوں کو مارتا ہے۔ یا سونٹھ Ginger کا سفوف بقدر ایک چمچ پیٹ کے کیڑوں کو ختم کرتا ہے۔ یا سفوف پودینہ Peppermint خشک بقدر دو چمچ یا سفوف دارچینی Cinnamon بقدر 1\1/2 چمچ کا استعمال یہی اثرات رکھتا ہے یا نیم کے خشک پتوں Neem Leaves کا سفوف بقدر 1/4 تا نصف چمچ پیٹ کے کیڑوں کا قاتل ہے یا مرکب ادویات میں کسی قابل اعتماد ادارے کا تیار کردہ اطریفل دیدان خرید کر استعمال میں لائیں۔

مارکیٹ میں موجود دیگر طریقہ ہائے علاج سے متعلق ادویات کے بہت سے بداثرات ہیں مثلاً یہ معدے جگر انتڑیوں پر برے اثرات ڈال سکتی ہیں قے متلی چکر آ سکتے ہیں ادویات کا دوران حمل استعمال ممنوع ہے اور پھر عموماً ان کا اثر عارضی ہوتا ہے جبکہ ہمارا درج کردہ علاج بے ضرر بھی ہے اور دیرپا موثر بھی خوش ذائقہ ہونے کی وجہ سے بچے بآسانی پی سکتے ہیں۔

طبی تاریخ میں سنگ میل

طبیب اعظم زکریا الرازی پہلا انسان ہے جس نے جراثیم (Bacteria) اور تعدیہ (Infection) کے مابین تعلق معلوم کیا جو طبی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب اس سے پوچھا گیا کہ بغداد میں کس مقام پر ہسپتال تعمیر کیا جائے تو اس نے تجویز کیا کہ جہاں ہوا میں لٹکا گوشت دیر سے خراب ہو اسی مقام پر ہسپتال تعمیر کیا جائے۔ الرازی نے ہی طب میں الکحل کا استعمال شروع کیا۔ اس نے حساسیت اور مناعت (Allergy & Immunology) پر دنیا کا سب سے پہلا رسالہ لکھا۔ اس نے حساسی ضیق النفس (Allergic Asthma) دریافت کیا۔ اسی نے ہے فیور (Hay Fever) دریافت کیا تھا۔

ماخوذ

امریکہ میں صدر کیسے منتخب ہوتا ہے؟

امریکہ میں صدارتی طرز حکومت ہے یہی وجہ ہے کہ امریکہ کا صدر حکومت اور مملکت دونوں کا سربراہ ہوتا ہے۔ صدر ایک جماعت کے قائد کی حیثیت سے منتخب ہوتا ہے اس لئے اسے سیاسی قوت کا سرچشمہ بھی سمجھا جاتا ہے۔ ہنگامی حالات اور سنگین خطرات میں پوری قوم اس کی رہنمائی پر بھروسہ کرتی ہے۔ اس کے خیالات اور فیصلے پورے ملک کے فیصلے تصور کئے جاتے ہیں۔ ہنگامی حالات اور زمانہ جنگ میں وہ کسی طبقے، فرقے یا جماعت کے رجحان کو پیش نظر نہیں رکھتا بلکہ قومی مفاد کی خاطر فوج کے اعلیٰ کمانڈر کی حیثیت سے قدم اٹھاتا ہے اور قوم کو بحران سے نکالتا ہے۔ پروفیسر لاسکی (Laski) کا کہنا ہے کہ ''امریکی صدر کو ایک دن واشنگٹن کی قومی گیلری کے لئے جارج پنجم کی تصویر کا استقبال کرنا ہوتا ہے۔ منگل کو وہ امریکی انقلاب کی دختران کو خوش آمدید کہتا ہے تو بدھ کو واشنگٹن کے یوم پیدائش پر اسے ایک قسم کی تقریر کرنی ہوتی ہے تو جیفرسن کے یوم ولادت پر دوسری نوعیت کی، کبھی بوائے سکاؤٹس کو ایک پیغام دینا ہوتا ہے تو کبھی وہ دوسرے ملک سے کسی شاہی مہمان کا خیر مقدم کرتا ہے۔ عدلیہ کے ارکان کو عشائیہ دیتا ہے اور سفارتی نمائندوں کی ضیافت کرتا ہے''۔

دنیا کے سب سے اہم ملک کے صدر کے عہدہ کے لئے انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں کے لئے ضروری ہے کہ اس کی عمر کم از کم 35 سال ہو اور وہ کم از کم 14 سال سے امریکہ میں رہائش رکھتا رہا ہو۔ یہ ضروری نہیں کہ یہ مدت انتخاب سے فوراً پہلے کی ہو یا وہ مسلسل 14 سال امریکہ میں رہا ہو۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا پیدائشی شہری ہو۔ صدارت کے حوالے سے مندرجہ بالا شرائط تو آئینی لحاظ سے تسلیم کی جاتی ہیں لیکن ان کے علاوہ کچھ روایات بھی قائم ہوتی ہیں اور امریکہ کے عوام اور سیاسی جماعتیں ان روایات کا بھی احترام کرتی ہیں۔ دونوں سیاسی جماعتیں اپنے نمائندے نامزد کرتے وقت نہ صرف مندرجہ بالا شرائط کو مدنظر رکھتی ہیں بلکہ وہ چند دوسری خوبیوں کا بھی خیال رکھتے ہوئے پارٹی ٹکٹ مہیا کرتی ہیں۔ مثلاً امیدوار قوم سے اپنی صلاحیت کسی دوسرے عہدہ پر کام کرتے ہوئے منوا چکا ہو ریاست کے گورنر ''فوجی جرنیل''، سینیٹر یا ایوان نمائندگان کے رکن کی حیثیت میں اس کا عوام سے رابطہ رہا ہو اور اس کی کارکردگی سے وہ متاثر ہوئے ہوں۔ امیدوار رومن کیتھولک فرقہ سے تعلق نہ رکھتا ہو اور نہ ہی مذہبی انتہا پسند ہو نیز یہ کہ امیدوار کا تعلق آبادی کے اعتبار سے کسی بڑی ریاست سے ہو تاہم ان خوبیوں پر ہر صورت پورا اترنا امیدوار کے لئے ضروری نہیں ہے کبھی کبھی ایسے افراد بھی عہدہ صدارت کے لئے پارٹی کی طرف سے نامزد کئے گئے جن سے قبل ازیں قوم پوری طرح متعارف نہ تھی اور جان آف کینیڈی کی بطور صدر کامیابی نے اس روایت کو بھی توڑ دیا کہ رومن کیتھولک کو صدارتی انتخاب میں پارٹی ٹکٹ نہیں دیا جاتا تاہم یہ خال خال مثالیں ہیں عموماً مندرجہ بالا خوبیوں کے حامل افراد انتخاب میں سیاسی جماعتوں کے طرف سے نامزد کئے جاتے ہیں۔

امریکہ کے سربراہ کا انتخاب ایک پیچیدہ اور مشکل عمل ہے۔ انتخاب کے طریقہ میں نظریہ اور عمل کا واضح فرق نظر آتا ہے چاہئے تو یہ تھا کہ صدر جیسے اہم عہدہ کے لئے چناؤ کا اختیار عوام کو براہ راست یا بلا شرکت غیرے ملتا مگر آئین کے خالق بالواسطہ انتخاب کے حامی تھے۔ اس لئے آئین میں اسی طریقہ کو شامل کیا گیا۔ صدر کا انتخاب ہر 4 سال کے بعد لیپ کے سال میں ہوتا ہے۔ آئین میں وضاحت کے ساتھ انتخاب کا مکمل شیڈول ہمیشہ کے لئے دے دیا گیا ہے۔ ہر 4 سال کے بعد نومبر کے مہینہ میں انتخاب ہوتا ہے اس کے لئے مہینے کی پہلی پیر کے بعد آنے والے منگل کا دن مقرر ہے۔ انتخاب بالواسطہ ہوتا ہے اور اس مقصد کے لئے عوام پہلے ایک انتخابی ادارہ کا چناؤ کرتے ہیں بعد ازاں یہ ادارہ صدر مملکت کا انتخابی عمل میں لاتا ہے۔ واضح رہے کہ امریکی کانگریس نے 1945ء میں یہ مستقل شیڈول طے کیا تھا۔

وائٹ ہاؤس تک پہنچنے کے لئے امیدواروں کو 2 بڑے مراحل سے گزرنا پڑتا ہے جس میں پہلا مرحلہ اپنی سیاسی جماعت سے انتخابی ٹکٹ حاصل کرنا اور دوسرا عام انتخابات میں کامیابی حاصل کرنا ہے۔ پارٹی ٹکٹ کے حصول کے لئے مختلف افراد کے درمیان جو جدوجہد ہوتی ہے وہ کسی طور کم اہمیت کی حامل نہیں ہے۔ امیدوار کو بہت بڑی اور ملک گیر مہم چلانی پڑتی ہے اپنی سیاسی جماعت کے سرکردہ لیڈروں سے اپنی لیڈرشپ تسلیم کروانا بہت مشکل مرحلہ ہے امیدوار پارٹی کے اہم ارکان کی حمایت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ عوامی رابطے کی مہم بھی چلاتا ہے وہ ہر ریاست میں اپنی لابی کو مضبوط بنانے کے لئے اقدام کرتا ہے۔

امریکہ میں جب سیاسی جماعتیں نہیں بنی تھیں وہاں انتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر ہوتے تھے جس میں صدارتی امیدواروں کو ان کے حامی انتخاب میں حصہ لینے پر غیر رسمی طور پر آمادہ کرتے تھے لیکن سیاسی جماعتوں کے قائم ہونے کے بعد امیدواروں کی باقاعدہ سیاسی جماعتوں کی جانب سے نامزدگیاں ہونے لگیں۔ دونوں جماعتوں نے اپنے اپنے طریقے ایجاد کئے۔ ڈیموکریٹک پارٹی نے کنونشن طلب کرنے کا طریقہ اپنایا اور 1832ء میں اپنا پہلا کنونشن بلایا جس میں تمام ریاستوں سے مندوبین نے شرکت کی اس سے پہلے ہی ریاستوں میں پارٹی کی تنظیمیں قائم کردی گئی تھیں جنہیں پرائمریاں پکارا گیا۔ ہر پرائمری سے نمائندے کنونشن میں آئے اور اس بڑی تنظیم نے اپنے امیدوار کا چناؤ کیا یہ طریقہ پسند کیا گیا اور ریپبلکن نے بھی اپنا پہلا کنونشن 1856ء میں بلا لیا۔

پرائمریوں نے کنونشن کے لئے مندوبین کا چناؤ کرنا شروع کردیا کنونشن میں ہر ریاست سے مندوبین کی تعداد اسی ریاست سے کانگریس میں شامل ارکان کی تعداد سے دگنی رہی تاہم گزشتہ چند سال سے اس میں مزید اضافہ کیا گیا۔ آجکل دونوں سیاسی جماعتوں کی کنونشنوں میں 1300 سے 1500 تک نمائندے شریک ہوتے ہیں اور ان کنونشنوں کی کارروائی کو ٹیلی ویژن، ریڈیو اور اخبارات کے نمائندے رپورٹ کرتے ہیں لاتعداد انٹرویو، بحث و مباحثے اور مذاکرے منعقد ہوتے ہیں۔ ہر جماعت اپنے کنونشن رنگا رنگ انداز میں ترتیب دیتی ہے۔ عوام کے لئے دلچسپی کے سامان فراہم کئے جاتے ہیں۔ جھنڈوں، جھنڈیوں اور روشنیوں سے اجلاس کو آراستہ کیا جاتا ہے۔ کنونشن کی کارروائی شروع ہوتی ہے تو پارٹی کے لئے امیدواروں کے نام یکے بعد دیگرے تجویز ہوتے ہیں۔ ہر امیدوار کو اظہار رائے کا موقع دیا جاتا ہے۔ رائے عامہ ہموار کی جاتی ہے جس کے بعد رائے شماری ہوتی ہے اور اگر صدارت کے لئے کوئی بہت ہی مؤثر شخصیت جسے چھپا رستم (Dark Horse) کہتے ہیں سامنے آئے تو کوئی مخالف امیدوار سامنے نہیں آتا اور نامزدگی بلا مقابلہ ہو جاتی ہے۔ دونوں سیاسی جماعتیں رائے شماری کا اپنا طریقہ کار اپناتی ہیں ریپبلکن پارٹی کے کنونشن میں ہر ریاست سے آنے والے مندوبین اپنی انفرادی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ ہر مندوب اپنی باری آنے پر اپنی مرضی کا اظہار کردیتا ہے۔ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ ایک ریاست کے کچھ مندوبین ایک امیدوار کی حمایت کریں اور دوسرے مندوبین کو کوئی اور امیدوار پسند ہو تاہم اکثریتی ووٹ لینے والے کو امیدوار تسلیم کرلیا جاتا ہے لیکن اگر کوئی امیدوار واضح اکثریت حاصل نہیں کرپاتا تو نئے سرے سے رائے شماری ہوتی ہے اور یہ سلسلہ جاری رہتا ہے حتیٰ کہ کوئی امیدوار دوسرے امیدواروں کے مجموعی ووٹوں سے زیادہ ووٹ لینے میں کامیاب ہوجاتا ہے۔

ڈیموکریٹ پارٹی کا طریقہ انتخاب مختلف ہے۔ اس پارٹی کے کنونشن میں شریک تمام مندوب اپنے چیئرمین کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں اور جب رائے شماری کا موقع آتا ہے تو ہر ریاست کے وفد کا چیئرمین اپنے ساتھیوں سے پوچھتا ہے اور وفد کی اکثریت جس امیدوار کی حمایت کرتی ہے اسے وفد کے سارے ووٹ دیئے جاتے ہیں کچھ عرصہ قبل تک ڈیموکریٹ پارٹی نے امیدوار کی نامزدگی کے لئے دو تہائی اکثریت کی شرط لگائی تھی جسے اب ختم کردیا گیا ہے۔

امریکہ کی دونوں سیاسی جماعتوں میں ایک اور روایت بھی چلی آرہی ہے کہ اگر موجودہ صدر اپنا جانشین نامزد کردے تو مندوبین اسے متفقہ طور پر اپنا امیدوار مان لیتے ہیں یہ اسی صورت میں ہوتا ہے اگر وہ امیدوار زبردست شخصیت کا مالک ہو اور پارٹی کے لئے اس کی خدمات بہت زیادہ ہوں۔ واضح رہے کہ کنونشن میں صدر کے ساتھ ساتھ نائب صدر کے امیدوار کی نامزدگی بھی کردی جاتی ہے جس میں ان پہلوؤں کو خاص طور پر مدنظر رکھا جاتا ہے۔ (1) صدارت اور نائب صدارت کے امیدوار ایک ہی ریاست سے تعلق نہ رکھتے ہوں۔ (2) دونوں امیدواروں کا تعلق آبادی کے لحاظ سے بڑی ریاستوں سے ہو (3) نائب صدارت کا امیدوار صدارتی امیدوار کی پسند ہو (4) نائب صدارت کا امیدوار پارٹی کے ایسے حلقے سے متعلق ہو جس کی طرف سے صدارتی امیدوار کے حق میں زیادہ جوش و خروش کا اظہار نہ ہو اس طرح اس حلقے کو مطمئن کرلیا جاتا ہے۔

امیدواروں کی نامزدگی کے بعد صدر کے انتخاب کے لئے بہت بڑی انتخابی مہم چلائی جاتی ہے۔ امیدوار شہر شہر جاتے ہیں کینیڈی نے اپنی مہم کے دوران 75 ہزار میل سفر کرکے 237 شہروں کا دورہ کیا امیدوار عوام سے براہ راست رابطہ قائم کرتے ہیں۔ انہیں سینکڑوں کی تعداد میں تقریریں کرنی پڑتی ہیں۔ میڈیا پر بھی انہیں اپنے خیالات کا اظہار کرنا پڑتا ہے اور لاتعداد انٹرویو دینے پڑتے ہیں جلسے منعقد کئے جاتے ہیں۔ صدارتی امیدوار اپنے بہترین ساتھی کو اپنی انتخابی مہم کا انچارج بناتا ہے۔ 1960ء میں جان ایف کینیڈی نے یہ کام اپنے بھائی رابرٹ کینیڈی کے سپرد کیا تھا۔ امیدوار بڑی آبادی کی ریاستوں میں اپنا زیادہ وقت صرف کرتا ہے نیز وہ ان ریاستوں میں اپنی زیادہ توجہ دیتا ہے جہاں اسے اپنی پوزیشن کمزور دکھائی دینے کی رپورٹس ملتی ہیں۔ سیاسی جماعتیں لاکھوں ڈالر اس مہم کی نذر کردیتی ہیں حالانکہ ملکی قوانین کی رو سے انتخابی اخراجات کی حد 30 لاکھ ڈالر مقرر کی گئی ہے مگر اس معاملے میں زیادہ سختی نہیں ہے اس لئے اخراجات کی حد 3 کروڑ ڈالر سے بھی زیادہ ہوتی ہے کسی شخص کو 5 ہزار ڈالر سے زیادہ چندہ دینے کی اجازت نہیں ہے۔ مگر عملاً لوگ حسب منشاء چندہ دیتے رہتے ہیں۔

جمہوری دنیا میں سب سے طویل، مہنگی اور صبر آزما مہم امریکہ میں چلائی جاتی ہے جس کا آغاز صدارتی انتخاب کے دن سے 2 سال پہلے شروع کردیا جاتا ہے۔

نومبر میں انتخاب کے روز ووٹرز اپنے حلقوں میں صدر اور نائب صدر کے انتخاب کے لئے ووٹ ڈالنے جاتے ہیں وہ بظاہر انتخابی ادارہ کے رکن کے لئے ووٹ دیتے ہیں لیکن عملاً ان کا ووٹ براہ راست استعمال ہوتا ہے۔ دسمبر کے دوسرے ہفتے کے پہلے پیر کو انتخابی ادارے کے ارکان اپنی اپنی ریاست کے مرکز

میں اکٹھے ہوتے ہیں اور صدارتی و نائب صدارتی انتخاب کے لئے ووٹ دیتے ہیں۔ بیلٹ پیپروں کو مہر بند لفافوں میں سینٹ کے سربراہ کو بھیج دیا جاتا ہے۔ اگلے سال 6 جنوری کو کانگریس کے دونوں ایوان کے مشترکہ اجلاس میں مہر بند لفافے کھولے جاتے ہیں۔ منتخب ہونے والے صدر اور نائب صدر کو 20 جنوری کو اپنے عہدے سنبھالنے کی دعوت دی جاتی ہے اگر کوئی صدارتی امیدوار واضح اکثریت حاصل نہ کرسکے تو سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے 3 امیدواروں کے نام ایوان نمائندگان کے حوالے کئے جاتے ہیں ان میں سے ایک امیدوار کو صدر منتخب کرلیا جاتا ہے۔ ایوان نمائندگان (House of Representive) کے ارکان ''ایک ریاست ایک ووٹ'' کی بنیاد پر سب سے زیادہ ووٹ لینے والے 3 امیدواروں میں سے ایک کا انتخاب کرتا ہے۔ نائب صدر کے انتخاب میں اگر ایسی صورت پیدا ہوجائے تو یہی عمل سب سے زیادہ ووٹ ڈالنے والے 2 امیدواروں کے ساتھ سینٹ میں دہرایا جاتا ہے۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے صدر کے انتخاب کرنے کے لئے منتخب ہونے والے ادارے کے کل ارکان کی تعداد کانگریس کے دونوں ایوانوں کے کل ارکان کے برابر ہوتی ہے۔ آجکل سینٹ کے 100 اور ایوان نمائندگان کے 435 ارکان ہیں۔ انتخابی ادارہ کی کل تعداد بھی 538 ہے کیونکہ ڈسٹرکٹ کولمبیا، گوآم اور ورجن آئی لینڈ کو 1961ء میں ایک دستوری ترمیم کے ذریعے صدارتی انتخابی ادارے کے 3 ارکان چننے کی اجازت دی گئی کانگریس اور انتخابی ادارے کے ارکان کی تعداد مساوی ہے لیکن یہ مختلف افراد ہوتے ہیں۔ کانگریس کے ارکان کا انتخاب مختلف اوقات میں ہوتا ہے ہر ریاست انتخابی ادارے میں اتنے ہی نمائندے منتخب کرتی ہے جتنے نمائندے اسے کانگریس میں بھیجنے کا اختیار ہوتا ہے۔ کم ازکم ہر ریاست سے 3 نمائندے ضرور آتے ہیں ہر دس سال کے بعد پورے امریکہ میں مردم شماری کے نتیجے میں انتخابی ادارے کے ارکان کی تعداد طے کی جاتی ہے۔ امریکہ کی کل آبادی 30 کروڑ ہے جن میں سے بالغ رائے دہندگان کی ایک بڑی تعداد انتخابی ادارہ کے ارکان کو ووٹ دیتی ہے۔ اس ادارہ کے ارکان بعد میں صدارتی امیدواروں میں سے ایک کا چناؤ کرلیتے ہیں۔

انتخابی ادارے کے ارکان اپنی اپنی ریاستوں میں اکٹھے ہوکر ووٹ دیتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ایک پریذائڈنگ افسر الیکشن کمیشن کی طرف سے ہر ریاست میں مقرر کیا جاتا ہے جو ایک مقررہ دن ارکان کے ووٹ لے کر اور انہیں سربمہر کرکے واشنگٹن بھیج دیتا ہے۔

جہاں ایک مقررہ تاریخ کو سینٹ کا چیئرمین دونوں ایوانوں کے ارکان کی موجودگی میں گنتی کرتا ہے اور انتخابی ادارے کے ارکان کی اکثریت کی حمایت حاصل کرنے والے امیدوار کو منتخب قرار دیتا ہے۔

صدر اور نائب صدر کا آئین کے ابتدائی مسودے میں چناؤ کا طریقہ یوں تھا کہ انتخابی ادارے کے ووٹوں کی اکثریت حاصل کرنے والا فرد صدر اور دوسرے نمبر پر آنے والا فرد نائب صدر بن جاتا تھا۔ یہ طریقہ ناموزوں تھا اور مختلف حلقوں کی طرف سے اس پر تنقید ہوتی رہی اور آخرکار 1804ء میں بارہویں ترمیم کی گئی جس کے ذریعے صدر اور نائب صدر کا انتخاب الگ الگ ہونا قرار پایا یہی طریقہ آج تک رائج ہے۔

انتخابی ادارے کے ذریعے بالواسطہ انتخاب کے طریق پر تنقید ہونے لگی اور مطالبہ کیا جانے لگا کہ عوام کو اپنے صدر کو چننے کا براہ راست حق ملنا چاہئے۔ اس ضمن میں آئینی ترامیم کے لئے کئی تجاویز منظر عام پر آئیں کچھ حلقوں نے انتخابی ادارہ کو بالکل ختم کردینے کا مطالبہ کیا اس حوالے سے آئین میں ترمیم تو نہ ہوسکی البتہ عوام کی خواہشات کے پیش نظر دونوں بڑی جماعتوں نے اتفاق رائے سے ایک ایسی انتخابی روایت قائم کی جس کے ذریعے عوام کو براہ راست اپنے ملکی سربراہ کے انتخاب کا موقع بھی فراہم کردیا گیا اور انتخابی ادارے کو بھی ختم نہ کیا گیا۔ سیاست دانوں نے انتخابات کے سلسلے میں جو روایت اتفاق رائے سے قائم کی تھی اس کے مطابق جب ایک عام ووٹر اپنا ووٹ دینے کے لئے جاتا ہے تو بیلٹ پیپر پر نہ صرف انتخابی ادارہ کے امیدواروں کے ناموں کا اندراج کیا ہوا ہوتا ہے بلکہ جب ووٹر ووٹ دیتا ہے تو اس کا ووٹ براہ راست پارٹی اور صدارتی امیدوار کے حق میں بھی چلا جاتا ہے۔

یوں دوہرا نتیجہ نکلتا ہے پہلا یہ کہ ریاست کے عوام نے کتنے ووٹ کس کس صدارتی امیدوار کو دیئے اور دوسرا یہ کہ انہوں نے اپنے اپنے حلقوں سے انتخابی ادارے کے کن ارکان کو منتخب کیا۔ یوں غیر سرکاری طور پر یہ پتہ چل جاتا ہے کہ ریاست کے ووٹ مختلف صدارتی امیدواروں میں کس طرح تقسیم ہوئے۔ یوں تمام ریاستوں کے ووٹوں کی اجتماعی گنتی بھی ہوجاتی ہے اور پورے ملک کے رائے دہندگان کی مرضی بھی معلوم ہوجاتی ہے کہ ان کی اکثریت کس صدارتی امیدوار کے حق میں ہے جارج واشنگٹن امریکی تاریخ کا واحد صدر تھا جسے انتخابی ادارہ کے صد فیصد ارکان کے متفقہ ووٹ ملے تھے۔ عموماً دیکھنے میں آیا ہے کہ جو صدارتی امیدوار عوام کے ووٹوں کی اکثریت حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہے وہی انتخابی ادارہ کے ارکان کی اکثریت بھی حاصل کرلیتا ہے اور کوئی پیچیدگی بھی پیدا نہیں ہوتی تاہم یہ قطعی اصول نہیں بعض اوقات ایسا بھی ہوا ہے کہ عوام کی اکثریت ایک امیدوار کے ساتھ ہے جبکہ انتخابی ادارہ کی اکثریت دوسرے امیدوار کی حامی ہو۔

ایک روایت کے مطابق ایک ریاست کے انتخابی ادارے کے تمام ارکان اپنے ووٹ اس صدارتی امیدوار کو دے دیتے ہیں جسے ریاست کے ووٹروں کی اکثریت حاصل ہوجاتی ہے مثلاً 1960ء میں جان کینیڈی کو الینائس (Illinois) کی ریاست سے 50.1 فیصد ووٹوں کی حمایت حاصل ہوئی جبکہ اس ریاست سے منتخب ہونے والے انتخابی ادارے کے 26 میں سے 26 ارکان نے کینیڈی کو ووٹ دیئے یہ روایت کبھی کبھی متوقع نتائج برآمد نہ کرسکی مثلاً 1876ء میں سموئیل ٹیلڈن کو اڑھائی لاکھ ووٹ زیادہ ملے لیکن وہ انتخابی ادارے کی اکثریت حاصل نہ کرسکا اور ایک ووٹ سے روتھر فورڈ سے ہار گیا۔ 1824ء میں جیکسن کو کوئینسی کے مقابل عوام کے زیادہ ووٹ ملے لیکن وہ عوامی اکثریت حاصل کرنے کے باوجود انتخابی ادارے کے ارکان کی اکثریت کے ووٹ حاصل نہ کرسکا۔ ان چند مثالوں کے باوجود کہا جاسکتا ہے کہ عوامی رائے اور انتخابی ادارے کے وجود کے خلاف عوامی تنقید مدہم پڑ گئی تاہم کبھی کبھی یہ مطالبہ دہرایا جاتا رہا کہ انتخابی ادارے کو ختم کرکے بالغ حق رائے دہی کی بنیاد پر تمام شہریوں کو صدر اور نائب صدر کے انتخاب کا حق دیا جائے۔ 1940ء سے 1950ء تک کانگریس میں آئینی ترمیم کے لئے کئی تجاویز زیرغور ہیں تاہم انتخابی ادارہ کو ختم کرنے کی کوئی تحریک بھی کامیاب نہ ہوسکی۔

موجودہ طریقہ انتخاب کافی مستحکم ہوچکا ہے اس میں انتخابی ادارہ موجود ہے۔ صدر وہی امیدوار بنتا ہے جسے عوام کی اکثریت چاہتی ہے اس طرح آئین کا بالواسطہ طریقہ بھی قائم ہے اور روایت کے مطابق عوام صدر کو براہ راست بھی چننے کے قابل ہوگئی ہے اسی لئے اس نظام کو Indirectly Direct کہا جاسکتا ہے۔ موجودہ مدت میں صدر اور نائب صدر کے انتخاب کے لئے انتخابی ادارے کے 270 ارکان کی حمایت لازمی ہے۔

